1

درسی کتاب

# اسلامیات

## جماعت اوّل

قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کے مطابق

National Book Foundation

نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد

National Book Foundation

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

درسی کتاب

# اسلامیات

## جماعت اوّل

قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کے مطابق

National Book Foundation

نیشنل بک فاؤنڈیشن
وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، حکومتِ پاکستان

©2023ء نیشنل بک فاؤنڈیشن بطور وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب یا اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں
نیشنل بک فاؤنڈیشن کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

درسی کتاب: اسلامیات

برائے جماعت اوّل



مصنفین: پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس، معظم ادریس

زیر نگرانی

ڈاکٹر مریم چغتائی

ڈائریکٹر، قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ

وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومت پاکستان، اسلام آباد

اراکین نظر ثانی کمیٹی

محمد ذاکر، نجی ادارہ، اسلام آباد۔ عظمٰی حامد، فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن

اراکین قومی نظر ثانی کمیٹی

ڈاکٹر فخر الزمان، پی سی ٹی بی۔ ظریف ہاشمی، آزاد جموں و کشمیر۔ ڈاکٹر عبدالقیوم اختر، جنوبی پنجاب۔ محمد ذاکر، نجی ادارہ، اسلام آباد
ڈاکٹر خلیل احمد کورائی، سندھ۔ شبانہ شاہین، خیبر پختونخوا۔ عظمٰی حامد، فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد۔ سید سجاد علی شاہ، گلگت بلتستان۔ ڈاکٹر عبدالمجید شاہ، بلوچستان

ڈیسک آفیسر

منصور ابراہیم، ایجوکیشن آفیسر (این سی سی)

انتظامیہ: نیشنل بک فاؤنڈیشن

اشاعت اول۔ طباعت اول: اپریل 2024ء | صفحات: 58 | تعداد: 32139

قیمت: -/135

کوڈ: STU-479، آئی ایس بی این: 0-1489-37-969-978

طابع: پاور پرنٹرز، پشاور

نیشنل بک فاؤنڈیشن کی دیگر مطبوعات کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ کیجیے

ویب سائٹ: www.nbf.org.pk یا فون: 051-9261125

یا ای میل: books@nbf.org.pk

نوٹ: مستند احادیث کے حوالے سے سنی اور شیعہ ماخذ کی کتب کے حوالے فراہم کرنے پر ہم نیشنل کریکولم کونسل، اسلام آباد کے شکر گزار ہیں۔

National Book Foundation

# پیش لفظ

اسلامیات کی یہ درسی کتاب برائے جماعت اول قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کے مطابق تیار کی گئی۔

اس کتاب میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ قومی نصاب کے مطابق طلبہ میں اسلامی جذبہ اُبھرے، اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کی محبت پیدا ہو، سیرت کی تشکیل میں مدد ملے اور وطنِ عزیز سے محبت پیدا ہو جائے۔ ایک دوسرے کے خیال کرنے والے بن جائیں۔

نیشنل بُک فاؤنڈیشن کی تیار کردہ اس کتاب میں اسلام کے بنیادی عقائد، عبادات اور تعلیمات کو آسان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں قرآن مجید اور احادیثِ نبویہ سے مستند حوالے دیے گئے ہیں۔ اساتذۂ کرام سے گزارش ہے کہ وہ طلبہ کو اسلامی تعلیمات اچھی طرح ذہن نشین کرائیں تاکہ ان کے دلوں میں اللہ تعالیٰ، اس کے رسول ﷺ اور دینی تعلیمات سے محبت پیدا ہو اور وہ ان تعلیمات کی روشنی میں زندگی گزاریں۔ اللہ تعالیٰ ہماری اس کوشش کو قبول فرمائے۔ آمین!

حتیٰ الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ حکومتِ پاکستان کی ہدایات کے مطابق کتابوں میں اس بات کو بھی یقینی بنایا گیا ہے کہ مختلف حوالوں سے وزارتِ مذہبی امور کی جانب سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی ذاتِ گرامی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے اس پر بھی مکمل طور پر عمل کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ قرآنی آیات کا ترجمہ متفقہ ترجمہ قرآن مجید سے لیا گیا ہے جب کہ قرآنی رسم الخط انجمن حمایت اسلام کے نسخے کے عین مطابق ہے۔

یہاں یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ معیار کی رفعت، تدریسی حاصلات، ذہنی رسائی اور عمدہ اسلوب کی پیروی ہمارا نصب العین ہے۔ مصنفین نے اس مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی سی کوشش کی ہے تاہم آپ سے گزارش ہے کہ اس کتاب میں کسی قسم کی لسانی اور علمی نوعیت کی غلطیاں پائیں تو ہمیں آگاہ فرمائیں اور مزید بہتری کے لیے تجاویز پیش کریں تاکہ اگلے ایڈیشن میں ان کی درستی کی جا سکے۔ تعاون کے لیے ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہو گا۔

ڈاکٹر راجہ مظہر حمید

مینجنگ ڈائریکٹر

National Book Foundation

# فہرست

| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|

## باب اوّل: قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| الف | ناظرہ قرآن مجید | 1 |
| ب | حفظ قرآن مجید | 2 |
| ج | حفظ و ترجمہ | 3 |
| د | حدیثِ نبوی | 4 |
| ہ | دعائیں (زبانی) | 5 |


## باب دوم: ایمانیات و عبادات

### (الف) ایمانیات


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | توحید کا تعارف | 9 |
| 2 | نبوت و رسالت | 14 |


### (ب) عبادات


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | کلمہ طیبہ | 18 |
| 2 | مسجد و اذان / نماز | 22 |


## باب سوم: سیرتِ طیبہ


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | 30 |
| 2 | ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ | 35 |


## باب چہارم: اخلاق و آداب


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | اچھے اخلاق | 39 |
| 2 | سلام کرنا | 43 |


## باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | انبیاء کرام علیہم السلام کا تعارف | 48 |


National Book Foundation

باب اوّل

# قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی

## (الف) ناظرہ قرآن مجید

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- قرآنی قاعدہ کے ذریعے تجوید کے قواعد مثلاً درست مخارج کے ساتھ حروف تہجی، اشکال اور اصوات کو سمجھ سکیں۔
- قرآن مجید کی آخری چار سورتیں تجوید کے ساتھ پڑھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • آدابِ تلاوت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حروفِ تہجی کی اشکال اور اصوات کی پہچان کر سکیں۔<br>• اعراب مثلاً زبر، زیر، پیش، جزم، تشدید، مد، کھڑی زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش کے بارے میں جان سکیں۔<br>• تجوید کے قواعد (قلقلہ اور غنہ) سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | • دورانِ تلاوت آداب کا خیال رکھیں۔<br>• قاعدے کی تختیاں تجوید کے قواعد (قلقلہ، غنہ) اور اعراب کے مطابق پڑھیں۔ |



طلبہ قواعد کے مطابق قرآنی قاعدے کی مشق کریں اور قرآن مجید کی آخری چار سورتوں کی تجوید کے مطابق تلاوت کریں۔

سُوْرَةُ اللَّهَبِ　　سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ　　سُوْرَةُ الْفَلَقِ　　سُوْرَةُ النَّاسِ

قرآن کی تلاوت کرتے وقت آداب کا خیال رکھنا چاہیے۔ تلاوت کے آداب یہ ہیں۔

- قرآن مجید کی تلاوت باوضو کرنی چاہیے۔
- قرآن مجید کو ادب واحترام سے پڑھنا چاہیے۔
- قرآن مجید کو اونچی جگہ یا رحل پہ رکھنا چاہیے۔

**آئیں جانیں**

قرآنِ مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

### سرگرمیاں برائے طلبہ

- حروفِ تہجی کی مشق کریں۔
- سبق میں دی گئی سورتوں کی درست تلفظ کے ساتھ تلاوت کریں۔

**آئیں جانیں**

قرآنِ مجید میں کل ۱۱۴ سورتیں ہیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

طلبہ کو دی گئی سورتیں درست تلفظ کے ساتھ یاد کروائیں۔ فلیش کارڈ کی مدد سے حروفِ تہجی کی مختلف اشکال کی پہچان کروائی جائے۔ طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے



National Book Foundation

# (ب) حفظِ قرآنِ مجید

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص دُرست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور تجوید کے ساتھ زبانی تلاوت کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص کے متعلق جان سکیں۔ | • سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص دُرست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔<br>• سورتیں پڑھتے وقت تجوید کے قواعد کا خیال رکھ سکیں۔<br>• سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ روزمرہ معمولات میں تلاوت کر سکیں۔ |

## سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ
نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ٥ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٦

## سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤

National Book Foundation

**سرگرمی برائے طلبہ**

- جو سورتیں آپ نے سکول میں پڑھی ہیں انہیں گھر میں سنائیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

سورۃ الاخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے۔

(بخاری حدیث:7374)

**برائے اساتذہ کرام**

- مشہور قراء کی آواز میں طلبہ کو قرآنِ مجید سنایا جائے۔
- آیات کی ترتیب کے لحاظ سے زبانی مشق کروائی جائے۔
- طلبہ کو تجوید کے قواعد کے مطابق دی گئی سورتوں کی مشق کروائیں۔

# (ج) حفظ و ترجمہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- کلمہ طیبہ مع مفہوم یاد کر سکیں۔
- روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔ (ان شاللہ، ماشااللہ)

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • کلمہ طیبہ کی اہمیت و فضیلت جانیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے مجوزہ کلمات کے معانی و مفاہیم سمجھیں۔ | • کلمہ طیبہ مع ترجمہ یاد کریں۔<br>• کلمہ طیبہ اور مذکورہ کلمات روزمرہ زندگی میں استعمال کریں۔ |

## کلمہ طیبّہ

کلمہ طیبہ کے پہلے حصے میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کی جائے اور دوسرے حصے میں حضرت محمد (خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم) کی رسالت کا بیان ہے۔

# لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمد (خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّم) اللہ کے رسول ہیں۔

**مزید جانیے!**

سب سے افضل ذکر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے۔ (سنن ترمذی)

## اچھے کلمات

اچھی چیز دیکھیں تو کہیں

# مَا شَآءَ اللّٰهُ

ترجمہ: جو اللہ چاہے

کوئی کام کرنا چاہیں تو کہیں

# اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

ترجمہ: اگر اللہ نے چاہا

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو بتائیں کہ مَاشَآءَ اللّٰهُ اور اِنْ شَآءَ اللّٰه کن کن مواقع پر بولا جاتا ہے۔
- طلبہ کو روزمرہ زندگی میں ان کلمات کے مناسب مواقع پر استعمال کرنے کی مشق کروائیں۔
- مختلف جملے بولیں جن کے جواب میں طلبہ لفظ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ یا مَاشَآءَ اللّٰهُ کہیں، جیسے: ہم سچ بولیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔ پھول خوب صورت ہے۔ مَاشَآءَ اللّٰهُ۔

# (د) حدیثِ نبوی

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ایک مختصر مستند حدیث مبارک (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ سمجھ کر روزمرہ زندگی میں اِس کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • حدیث شریف کا مطلب جان سکیں۔<br>• حدیث شریف کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔ | • روزمرہ زندگی میں اس حدیث کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔ |

**ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:**

# اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ

پاکیزگی نصف ایمان ہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 534)
(مستدرک الوسائل، ص: 365)

اس حدیث مبارک میں پاک صاف رہنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ جسم اور لباس کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے۔ کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا دانت صاف کرنا، غسل کرنا اور نماز کے لیے وضو کرنا پاک صاف رہنے کے لیے ضروری ہے۔

**مزید جانیے!**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے فرمان اور آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے عمل کو حدیث کہا جاتا ہے۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو طہارت اور پاکیزگی کی اہمیت بتائیں۔

National Book Foundation

# (ہ) دُعائیں (زبانی)

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- دعا کو مع ترجمہ زبانی یاد کر کے روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • دعا کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• دعا کے معنی اور مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>تین اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ (اَلرَّحْمٰنُ (نہایت مہربان) اَلرَّحِیْمُ (ہمیشہ رحم فرمانے والا)، اَلْمَلِكُ (بادشاہ) | • دعا کو درست تلفظ کے ساتھ یاد کر سکیں۔<br>• دعا کو اپنی روزمرہ زندگی میں مانگنے کے عادی بن سکیں۔ |

دعا عربی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی ہے پکارنا۔

اللہ تعالیٰ سے مانگنے کو دعا کہتے ہیں۔ دعا مانگنا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔

جب بندہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول فرماتے ہیں۔

## علم میں اضافے کی دعا:

# رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

اے میرے رب! مجھے علم میں اور ترقی عطا فرما۔ (سورۃ طٰہٰ، آیت: 114)

### اسمائے حسنیٰ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | اَلرَّحْمٰنُ | نہایت مہربان |
| 2 | اَلرَّحِیْمُ | ہمیشہ رحم فرمانے والا |
| 3 | اَلْمَلِكُ | بادشاہ |

**یاد رکھیے!**

علم نور ہے۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ عربی یاد کریں تو افضل ہے مگر مفہوم یاد کرنا ضروری ہے۔
- طلبہ کو علم کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- طلبہ کو درست تلفظ کے ساتھ دعا یاد کروائیں اور انھیں تلقین کریں کہ وہ اس دعا کو پڑھنے کی عادت بنائیں۔

National Book Foundation

# سرگرمیاں

## سرگرمیاں برائے طلبہ

**کلمات میں رنگ بھریں۔**

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

National Book Foundation

کلمات میں رنگ بھریں۔

# مَاشَآءَ اللّٰهُ

# اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

National Book Foundation

اساتذہ کرام کی مدد سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| میں نماز پڑھوں گا۔ | اِن شاءاللہ | مَا شاءاللہ |
| ہم سیر کرنے جائیں گے۔ | اِن شاءاللہ | مَا شاءاللہ |
| میں ہمیشہ صاف ستھری رہوں گی۔ | اِن شاءاللہ | مَا شاءاللہ |
| ہمارا ملک پاکستان بہت اچھا ملک ہے۔ | اِن شاءاللہ | مَا شاءاللہ |
| میرے دادا ابو بہت اچھے ہیں۔ | اِن شاءاللہ | مَا شاءاللہ |
| میں روزانہ سکول جاؤں گا۔ | اِن شاءاللہ | مَا شاءاللہ |
| مجھے اللہ تعالیٰ نے خوب صورت بنایا ہے۔ | اِن شاءاللہ | مَا شاءاللہ |
| میں قرآنِ مجید پڑھوں گی۔ | اِن شاءاللہ | مَا شاءاللہ |

National Book Foundation

# ایمانیات و عبادات

# (الف) ایمانیات

## (1) توحید کا تعارف

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • توحید کے عقیدے سے آگاہ ہو سکیں کہ اللہ تعالیٰ ہی تمام کائنات کا خالق و مالک اور یکتا ہے۔<br>• اللہ تعالیٰ کی دی گئی نعمتوں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | • سورہ اخلاص کے لفظ "احد" کو بخوبی سمجھ سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی دی گئی نعمتوں پر شکر ادا کر سکیں۔ |

# اَللّٰه

اللہ تعالیٰ ایک ہے۔

**مزید جانیے!**

اللہ تعالیٰ کو ایک اور یکتا ماننا "توحید" کہلاتا ہے۔

**مزید جانیے!**

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے کہنا چاہیے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

National Book Foundation

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

# قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے۔

اللہ تعالیٰ ایک اور یکتا ہے۔ اس جیسا کوئی نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔

سب چیزیں اللہ تعالیٰ نے بنائی ہیں۔

زمین، سورج، چاند، ستارے، درخت، جانور اور پرندے سب اُسی نے بنائے ہیں۔

ہمیں ہاتھ پاؤں، آنکھیں، ناک، کان اور زبان اللہ تعالیٰ نے عطا کیے ہیں۔

تمام نعمتوں پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

**مزید جانیے!**

سورج، چاند اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔

National Book Foundation

# مشق

**1** خالی جگہ پُر کریں۔

اللہ تعالیٰ | ایک | شکر

ا۔ اللہ تعالیٰ ____________ ہے۔

ب۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کا ____________ ادا کرنا چاہیے۔

ج۔ سب چیزیں ____________ نے بنائی ہیں۔

**2** مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(I) ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

______________________________

(II) اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی کوئی سی پانچ چیزوں کے نام تحریر کریں۔

______________________________

______________________________

National Book Foundation

## سرگرمیاں برائے طلبہ

مندرجہ ذیل میں سے اللہ تعالیٰ کی پیدا کی گئی چیزیں اور اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انسانوں کی بنائی گئی چیزوں پر (✓) لگائیے۔

| چیزیں | اللہ تعالیٰ نے پیدا کیں | اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انسانوں نے بنائیں |
|---|---|---|
| پانی | | |
| گھر | | |
| کتاب | | |
| درخت | | |
| گاڑیاں | | |
| کھلونے | | |
| سورج | | |

- خوب صورت چارٹ بنائیں جس میں زمین، سورج، چاند، ستارے اور درخت دکھائے گئے ہوں۔ عنوان دیں:

"یہ سب اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔"

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے بارے میں بتائیں اور شکر ادا کرنے کی ترغیب دیں۔

National Book Foundation

استاد محترم کی مدد سے پھولوں میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے نام تحریر کریں۔



National Book Foundation

# (2) نبوت ورسالت

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا اور اس بات پر ایمان پختہ کریں کہ حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • عقیدہ ختم نبوت کو سمجھیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد کبھی بھی کوئی نبی یا رسول نہیں ہو گا۔ | • نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے پر یقین پختہ کر سکیں۔<br>• خاتم النبیین کے معنی بتائیں۔ |

انبیاء کرام علیہم السلام اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے خاص بندے ہیں۔

انبیاء کرام علیہم السلام نے ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔

انبیاء کرام علیہم السلام لوگوں کو اچھے کام کرنے کا حکم دیتے رہے۔



National Book Foundation

## مزید جانیے!

خاتم النبیین کا معنی ہے

"نبیوں کی مہر"

یعنی نبوت کو ختم کرنے والے

## مزید جانیے!

حضرت جبریل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا پیغام تمام نبیوں تک پہنچایا کرتے تھے۔

ہم تمام انبیاء کرام علیہم السلام پر ایمان لاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور آخری نبی اور رسول حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہیں۔

ہمارے پیارے نبی کا نام حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہے۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے آخری نبی ہونے پر ایمان لانا مسلمان ہونے کے لیے شرط ہے اس کو عقیدہ ختم نبوت کہتے ہیں۔

## یاد رکھیے!

مشہور انبیاء کرام علیہم السلام کے نام:

- حضرت نوح علیہ السلام
- حضرت ابراہیم علیہ السلام
- حضرت موسیٰ علیہ السلام
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام
- آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

National Book Foundation

# مشق

## درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کے چنے ہوئے خاص بندے ہوتے ہیں۔ الف۔ والدین ب۔ فرشتے ج۔ انبیا کرام

۲۔ ہم ایمان لاتے ہیں۔ الف۔ صرف پہلے نبی پر ب۔ صرف آخری نبی پر ج۔ تمام نبیوں پر

۳۔ خاتم النبیین سے مراد ہے۔ الف۔ سب سے پہلا نبی ب۔ اللہ کا پیارا نبی ج۔ آخری اور حتمی نبی

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

خاص | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | ایمان

ا۔ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی کا نام ____________ ہے۔

ب۔ ہم انبیاء کرام علیہم السلام پر ____________ لاتے ہیں۔

ج۔ انبیاء کرام علیہم السلام اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے ____________ بندے ہوتے ہیں۔

## 3 مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تحریر کیجیے۔

(I) عقیدہ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟

___

(II) سب انبیاء کرام علیہم السلام نے لوگوں کو کس بات کا حکم دیا؟

___

___

National Book Foundation

**4** مشہور انبیاء کرام علیہم السلام کے نام لکھیں۔

**حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ**

____________

____________

____________

____________

National Book Foundation

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اساتذہ کرام کی مدد سے چار مشہور انبیاء کرام علیہم السلام کے نام چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- انبیاء کرام علیہم السلام کے قصے اپنے بڑوں سے سنیں اور اپنے دوستوں کو سنائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- انبیاء کرام علیہم السلام کے قصّے بچوں کو سنائیں۔
- طلبہ کو خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ کا معنی اور مفہوم بتائیں اور ان کو یہ بھی بتائیں کہ عقیدہ ختم نبوت پر ایمان پختہ کیے بغیر ہم مسلمان نہیں ہو سکتے۔
- طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے ان پر واضح کریں کہ کن کن اچھے کاموں کا انبیاء کرام علیہم السلام نے حکم دیا۔

# ب۔ عبادات
## الف۔ ارکانِ اسلام کا تعارف
# کلمہ طیبہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ارکانِ اسلام کا اجمالی تعارف جان سکیں اور کلمہ طیبہ کا مفہوم اور اُس کی اہمیت سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| • ارکانِ اسلام کے ناموں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• کلمہ طیبہ کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• کلمہ طیبہ کی اہمیت سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں۔<br>• کلمہ طیبہ یاد کر سکیں۔ | • ارکانِ اسلام کے نام بتا سکیں۔<br>• کلمہ طیبہ کا ترجمہ سمجھ سکیں۔ |

## ارکانِ اسلام کا تعارف

اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی عبادت کے لیے پیدا فرمایا ہے۔ عبادت کے بنیادی اعمال کو ارکانِ اسلام کہا جاتا ہے۔

ارکانِ اسلام پانچ ہیں۔

کلمۂ شہادت، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، رمضان کے روزے رکھنا اور حج کرنا

## کلمہ طیبہ

# لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد اللہ کے رسول ہیں

**فرمانِ مصطفیٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ**

جس شخص نے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا

اور اسی پر اس کی موت ہوئی تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

(صحیح بخاری، حدیث: ۵۸۲۷)

## کلمۂ طیبہ کا مفہوم

کلمہ طیبہ کے ان الفاظ کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، یہ کلمہ طیبہ کہلاتا ہے۔ طیبہ کے معنی "پاک" کے ہیں۔

National Book Foundation

کلمہ طیبہ میں اسلام کی دو بنیادی عقائد بیان ہوئے ہیں۔ یعنی ہمارا معبود صرف اللہ تعالیٰ ہے اس کے سوا کسی کی عبادت جائز نہیں۔ دوسرا عقیدہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اللہ کے رسول ہیں اور یہ ارکان اسلام میں سے پہلا رکن بھی ہیں۔ ایک مسلمان اور غیر مسلم میں فرق کرنے والے عمل یہی ہیں۔


فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

يَآاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ

اے لوگو! اپنے ربّ کی عبادت کرو جس نے تمھیں پیدا فرمایا

(سورۃ البقرہ: آیت:۲۱)

ہر مسلمان کے لیے اللہ تعالیٰ کی توحید اور نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رسالت پر ایمان رکھنا ضروری ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھیں۔ اُس کی عبادت کریں اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سنت کی پیروی کریں تاکہ اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہو۔



# مشق

**1** درست جواب کا انتخاب کریں۔

الف۔ ارکانِ اسلام ہیں:

(الف) تین (ب) چار

(ج) پانچ (د) چھے

ب۔ ایک مسلم اور غیر مسلم میں فرق کرنے والی بنیادی چیز ہے:

(الف) کلمہ (ب) عبادت

(ج) نیکی (د) سچائی

ج۔ لفظ "طیبہ" کا معنی ہے۔

(الف) پاک (ب) صاف

(ج) ستھرا (د) کھرا

د۔ دین کے بنیادی اعمال۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں۔

(الف) ارکانِ حج (ب) ارکانِ نماز

(ج) ارکانِ اسلام (د) ارکانِ زکوۃ

**2** مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی ________ کے لیے پیدا فرمایا ہے۔

National Book Foundation

ب۔ اللہ کے سوا کوئی ______ کے لائق نہیں۔

ج۔ کلمۂ طیبہ پڑھ کر بندہ ______ میں داخل ہو جاتا ہے۔

## 3 درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

الف۔ اسلام کا پہلا رکن کون سا ہے؟

ب۔ ارکانِ اسلام کسے کہتے ہیں۔

ج۔ ارکانِ اسلام کی تعداد اور نام بتائیں۔

## 4 درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب تحریر کریں۔

الف۔ کلمۂ طیبہ کا مفہوم بیان کریں۔

ب۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کے بارے میں ایک حدیث مبارک لکھیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- کلمۂ طیبہ کا چارٹ مع ترجمہ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ روزانہ کی بنیاد پر کلمۂ طیبہ پڑھنے کی عادت بنائیں۔

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کے لیے ارکانِ اسلام کے تصور کو واضح کریں۔
- طلبہ کو کلمۂ طیبہ پڑھنے کی فضیلت کے بارے میں بتائیں۔

National Book Foundation

# (ب) عبادات

## (2)۔ نماز / مسجد و اذان

### حاصلاتِ تعلّم:


اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

۱۔ یہ جان لیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے پکار کا نام ہے۔
۲۔ یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے اور نماز کی مسلمان کی زندگی میں کیا اہمیت ہے۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| ۱۔ یہ جان سکیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔<br>۲۔ اذان سننے کے آداب کے متعلق جان سکیں۔<br>۳۔ یہ جان سکیں کہ نماز کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔<br>۴۔ پانچ نمازوں کے نام جان سکیں۔ | ۱۔ اذان سننے کے آداب پر عمل پیرا ہوں۔<br>۲۔ اپنے بڑوں کے ساتھ مسجد جانے کی صورت میں مسجد کے احترام کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔

یہاں مسلمان دن میں پانچ بار باجماعت نماز پڑھتے ہیں اور قرآن مجید کی تلاوت بھی کرتے ہیں۔



### مزید جانیے!

زمین پر مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ سب سے زیادہ فضیلت والی مسجدیں ہیں۔

### یاد رکھیے!

زمین پر سب سے پہلے خانہ کعبہ تعمیر کیا گیا۔

National Book Foundation

مسجد میں نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔

اسے ہمیشہ پاک صاف رکھنا چاہیے۔

ہمیں مسجد کے آداب کا خیال رکھنا چاہیے

**مزید جانیے!**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے مدینہ منورہ میں جو مسجد بنائی اسے مسجدِ نبوی کہتے ہیں۔

نماز کے لیے پکارنے کو اذان کہتے ہیں۔

نماز سے پہلے مسجد میں اذان دی جاتی ہے۔

National Book Foundation

اذان سن کر لوگ نماز کے لیے مسجد آتے ہیں۔

**مزید جانیے!**

اذان عمدہ اور بلند آواز میں دینی چاہیے۔

**فرمانِ نبوی**

اذان سن کر وہی الفاظ بولنے چاہئیں جو اذان دینے والا کہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 383)
(بحار الانوار، ج: 81، ص: 176)

اذان بلند آواز سے دی جاتی ہے۔

اذان دینے والے کو مؤذن کہتے ہیں۔

اذان کے وقت خاموش رہنا چاہیے۔

**مزید جانیے!**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی مسجد میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دیا کرتے تھے۔

National Book Foundation

- اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔

- عبادت کا سب سے بہترین طریقہ نماز ہے۔

- نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

- نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے۔

**فرمانِ نبوی**

جو شخص پانچ نمازیں پڑھتا ہے اسے پچاس نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔ (صحیح مسلم، حدیث: 411)
(من لا یحضرہ الفقیہ، ج:1، ص:199)

- نماز کے لیے لباس اور جگہ کا پاک صاف ہونا ضروری ہے۔
- نماز پڑھنے سے پہلے وضو کرنا ضروری ہے۔
- مسلمان پر دِن میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔

**فرمانِ نبوی**

نماز دین کا ستون ہے۔ (جامع ترمذی، حدیث: 2616)
(بحار الانوار، ج:79، ص:202)

National Book Foundation

پانچ نمازوں کے نام یہ ہیں:

- فجر
- ظہر
- عصر
- مغرب
- عشاء

### فرمانِ نبوی

نماز پڑھنے کے لیے جو وضو کرتا ہے اس کے اعضاء قیامت کے دن چمک رہے ہوں گے۔
(صحیح بخاری، حدیث:136)
(بحارالانوار، ج:77، ص:238)

### مزید جانیے!

مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے زیادہ ثواب ملتا ہے۔





National Book Foundation

# مشق

**1** درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ سب سے پہلے زمین پر کیا بنایا گیا؟

الف۔ خانہ کعبہ　　ب۔ مسجد　　ج۔ گھر

۲۔ مدینہ منورہ میں بنائی جانے والی پہلی مسجد کا نام ہے:

الف۔ مسجد الحرام　　ب۔ مسجد الاقصیٰ　　ج۔ مسجد نبوی

۳۔ نماز کے لیے پکارنے کو کہتے ہیں:

الف۔ تلاوت　　ب۔ اذان　　ج۔ نماز

۴۔ اذان سن کر لوگ ______ کے لیے آجاتے ہیں۔

الف۔ نماز　　ب۔ روزہ　　ج۔ حج

۵۔ نماز کے لیے جگہ کا ______ ہونا ضروری ہے۔

الف۔ ہوادار　　ب۔ پاک صاف　　ج۔ روشن

**2** مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

(گھر، بلند، موذن، وضو، پانچ)

ا۔ مسجد اللہ تعالیٰ کا ______ ہے۔

۲۔ مسلمان دن میں ______ نمازیں پڑھتے ہیں۔

۳۔ اذان ______ آواز میں دی جاتی ہے۔

۴۔ اذان دینے والے کو ______ کہتے ہیں۔

۵۔ نماز ادا کرنے سے پہلے ______ کرنا چاہیے۔

National Book Foundation

## 3 درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

ا۔ سب سے فضیلت والی مسجدیں کون کون سی ہیں؟

۲۔ مسلمان مسجد میں جا کر کیا کرتے ہیں؟


۳۔ اذان کے وقت خاموش رہنا کیوں ضروری ہے؟


۴۔ پانچ نمازوں کے نام تحریر کریں۔


۵۔ نماز سے پہلے وضو کرنا کیوں ضروری ہے؟


## سرگرمیاں برائے طلبہ

- گھر کے کسی بڑے کے ساتھ اپنے محلے کی مسجد میں جائیں اور مسجد کے احترام کا عملی مظاہرہ کریں۔
- رنگ بھریں۔




National Book Foundation

مسجد میں ہونے والی اذان سنیے اور وہی الفاظ دہرائیں۔

پانچ نمازوں کے نام تلاش کیجیے اور ان میں مختلف رنگ بھریے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | ع | م | غ | ر | ب |
| ظ | ش | ع | ف | ج | ر |
| ہ | ا | ص | ل | م | ک |
| ر | ء | ر | ج | د | ر |

پانچ نمازوں کے نام چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

National Book Foundation

برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کی رہنمائی کریں کہ ہمیں مسجد کو پاک صاف رکھنا چاہیے۔
- طلبہ کو مسجد کے مزید آداب بتائیں۔
- فتح مکہ کے موقع پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بیت اللہ کی چھت پر چڑھ کر اذان کہنے کا واقعہ طلبہ کو سنائیں۔
- طلبہ سے گفتگو کیجیے کہ نماز پڑھنے کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔

# سیرتِ طیبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

## (1)۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ولادتِ مبارکہ اور گھرانے کے متعلق جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| • نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ (مہینہ، جگہ وغیرہ) کے بارے میں بنیادی معلومات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے والدین، دادا، چچا، اور رضاعی والدہ کے اسماء گرامی سے آگاہ ہو سکیں۔ | • نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت باسعادت کے حالات اور معجزات کے بارے میں مختصراً جان سکیں۔<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے والدین اور سرپرستوں کے اسمائے گرامی بتا سکیں۔ |

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ بارہ ربیع الاوّل کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے والد کا نام حضرت عبداللہؓ اور والدہ کا نام حضرت آمنہؓ تھا۔

جب آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پیدا ہوئے تو بہت سی نشانیاں ظاہر ہوئیں۔ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی والدہ نے ایک روشنی دیکھی جس سے شام کے محلات روشن ہو گئے۔

آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے والد آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے پیدا ہونے سے پہلے وفات پا گئے۔

جب آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پیدا ہوئے تو آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے دادا بہت خوش ہوئے۔

والدہ نے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام احمد (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) جبکہ دادا نے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام محمد (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) رکھا۔

**یاد رکھیے!**

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا تعلق ہاشمی خاندان سے تھا۔

National Book Foundation

جب آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی عمر چھے سال ہوئی تو آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی والدہ بھی وفات پا گئیں۔ والدہ کی وفات کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا حضرت عبد المطلب نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پرورش کی۔

آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے بہت پیار کرتے تھے۔ وہ ہمیشہ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اپنے قریب رکھتے تھے۔ جب آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ آٹھ سال کے ہوئے تو دادا بھی وفات پا گئے۔

دادا کی وفات کے بعد آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پرورش آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے چچا حضرت ابو طالب نے کی۔ حضرت ابو طالب آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے بے حد پیار کرتے تھے۔ وہ ہمیشہ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا بہت خیال رکھتے تھے۔ یہاں تک کہ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جوان ہو گئے اور چالیس سال کی عمر میں آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے نبوت کا اعلان فرمایا۔

**مزید جانیے!**

حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی بچپن میں پرورش کی۔

# مشق

**1** خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چھے | حضرت آمنہ | حضرت عبداللہ | چالیس | پیار |

ا۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے والد کا نام ______________ تھا۔

ب۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی والدہ کا نام ______________ تھا۔

ج۔ جب آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی عمر ______________ سال ہوئی تو والدہ وفات پا گئیں۔

د۔ حضرت ابو طالب آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے بے حد ______________ کرتے تھے۔

ہ۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ______________ سال کی عمر میں نبوت کا اعلان فرمایا۔

**2** مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(I) ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کہاں پیدا ہوئے؟

______________________________________________

(II) آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی والدہ نے آپ کا نام کیا رکھا؟

______________________________________________

National Book Foundation

(iii) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا نے آپ کا نام کیا رکھا؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

رنگ بھریں:


حضرت



رسول اللہ خاتم النّبیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

National Book Foundation

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے خاندان کے افراد کے نام تحریر کریں۔




**برائے اساتذہ کرام**

- کسی مستند سیرت کی کتاب میں سے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیدائش کے واقعات آسان الفاظ میں طلبہ کو سنائیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے خاندان کا معلوماتی چارٹ بنوا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کروائیں۔



National Book Foundation

# ہمارے پیارے نبی

# (2)۔ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اَخلاقِ حسنہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں اور سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاق حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

**علم**

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خلق عظیم کے بارے میں جان سکیں۔
- صادق اور امین کے مفاہیم سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

**صلاحیت**

- طلبہ سچائی اور امانت داری کی خصوصیات کو اپنا سکیں۔
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خلق عظیم کو جان کر جذبہ محبت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پیدا ہو سکے۔

ایک مرتبہ ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ صفا کی پہاڑی پر تشریف لے گئے۔ اور مکّہ مکرمہ والوں کو آواز دی۔ سب لوگ جلدی جلدی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس جمع ہو گئے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے لوگوں سے پوچھا: تم لوگوں نے مجھے کیسا پایا ہے؟

سب بولے: ''آپ صادق اور امین ہیں۔''

تب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: تم سب کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو تم فلاح پا جاؤ گے۔ (مسند احمد، حدیث:10514)

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیشہ امانتوں کا خیال رکھا۔ کافر بھی اپنی چیزیں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس رکھوایا کرتے تھے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے دوسروں کو بھی سچائی اور امانت داری کا سبق دیا۔

**مزید جانیے!**

صادق کا مطلب ہے ہمیشہ سچ بولنے والا

امین کا مطلب ہے دوسروں کی چیزوں کو باحفاظت رکھنے والا

National Book Foundation

## یاد رکھیے!

سچ بولنے والے کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے۔

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

- سچ نیکی کی طرف لے جاتا ہے۔ (صحیح بخاری، حدیث: 6094) (شرح اصول الکافی، ج:1،ص:465)
- اس شخص کا کوئی ایمان نہیں جو امانت پوری نہیں کرتا۔ (مسند احمد، حدیث:5140) (جامع الاخبار۔ص:75)

ہمارے نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سب سے اچھے اخلاق والے تھے۔ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سب سے اچھے سلوک سے پیش آتے تھے۔

ہمیں چاہیے کہ ہم بھی اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت کریں اور ان کی طرح ہمیشہ سچ بولیں، دوسروں کی امانتوں کا خیال رکھیں اور سب کے ساتھ اچھے سلوک کے ساتھ رہیں۔

National Book Foundation

# مشق

**1** خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| نیکی | چیزیں | امانتوں | سچ |

ا۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ ____________ بولتے تھے۔

ب۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ہمیشہ ____________ کا خیال رکھا۔

ج۔ کافر بھی اپنی ____________ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس رکھوایا کرتے تھے۔

د۔ سچ ____________ کی طرف لے جاتا ہے۔

**2** مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تحریر کریں۔

(I) صادق اور امین کا کیا مطلب ہے؟

______________________________

(II) آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے مکہ مکرمہ کے لوگوں سے کون سی پہاڑی پر خطاب فرمایا؟

______________________________

______________________________

National Book Foundation

## سرگرمیاں برائے طلبہ

آپ کے اندر درج ذیل میں سے کون سی اچھی باتیں موجود ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| سچ بولنا | جی ہاں | جی نہیں |
| دوسروں کی چیزوں کا خیال رکھنا | جی ہاں | جی نہیں |
| سچ بولنے سے خوشی ہونا | جی ہاں | جی نہیں |
| اگر کوئی بچہ کوئی چیز دے تو اسی طرح واپس کرنا | جی ہاں | جی نہیں |
| دوسروں کی چیزیں اجازت لے کر استعمال کرنا | جی ہاں | جی نہیں |

- ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سچائی کا کوئی واقعہ اپنے دوست کو سنائیے۔
- طلبہ سچ بولنے کے مواقع کے بارے میں روزمرہ زندگی سے مثال پیش کریں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے سچائی اور امانت داری کے متعلق مزید واقعات سنائیں۔

National Book Foundation

National Book Foundation

Approved by Government of Pakistan
Ministry of Federal Education & Professional Training
National Curriculum Council Secretariat
vide letter No. F.No. 1-6 (2023)-NCC/Dir/NBF Dated: August 7, 2023

# قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد باد! کشورِ حسین شاد باد!
تو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد!

پاک سر زمین کا نظام قُوتِ اخُوتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت پائندہ تابندہ باد!
شاد باد منزلِ مُراد!

پرچَمِ سِتارہ و ہِلال رہبرِ ترقی و کمال
ترجُمانِ ماضی، شانِ حال جانِ اِستقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال!

National Book Foundation

نیشنل بک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد